سوال

(555) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دور حاضر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ممکن ہے، ایک حدیث یں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ مجھے بیداری میں بھی دیکھے گا'' اس حدیث کا حوالہ اور مطلب بتا دیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا بہت بڑی سعادت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے مجھے خواب میں دیکھا تو اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میرا روپ نہیں دھار سکتا۔''

لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شکل وصورت سے آگاہ ہو اور آپ کے حلیہ مبارک کی پوری پوری معلومات رکھتا ہو۔ اس کے لئے ایک کتاب ''آئینہ جمال نبوت'' کا مطالعہ مفید رہے گا جو ایک عربی کتاب ''الرسول کانک تراہ'' کا اردو ترجمہ ہے۔ جسے راقم نے اردو کے قالب میں ڈھالا ہے اور دارالسلام لاہور نے بڑے خوبصورت انداز میں اسے شائع کیا ہے۔ حدیث بالا کے پیش نظر دور حاضر میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا جا سکتا ہے لیکن خواب میں زیارت نبوی کا دعویٰ کرنے والے بعض ایسے لوگ بھی سامنے آتے ہیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وصورت سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ بہر حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن جمال کی جھلک دیکھنے والوں نے آپ کے خنداں رخ انور، حسین وجمیل قدوقامت، بے مثال خدوخال، بے نظیر چال ڈھال، باوقار و پرکشش وجاہت وشخصیت کا عکس الفاظ کے پیرایہ میں ہم تک پہنچایا ہے۔ اس عکس کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے تاکہ شیطان کسی کو دھوکہ نہ دے سکے۔ سوال میں جس حدیث کا حوالہ دیا گیا ہے وہ بخاری، کتاب العتبیر حدیث نمبر ۶۹۹۳ ہے۔ محدثین کرام نے اس حدیث کے دو مفہوم بیان کئے ہیں:

اس سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں دیکھا ہے یعنی جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا وہ آپ کو بیداری میں بھی دیکھنے کی سعادت حاصل کرے گا۔

دوسرا مفہوم عام ہے کہ جس شخص نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا وہ قیامت کے دن آپ کی زیارت سے ضرور شرف یاب ہوگا۔

بہر حال یہ حقیقت اپنی جگہ پر اٹل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ جمال نبوت سے پوری طرح آگاہ ہو، بصورت دیگر شیطان

، انسان کو گمراہ کر سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ زیارت نبوی کی سعادت حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی اصل شکل وصورت میں دیکھے۔ (واللہ اعلم)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:480

محدث فتویٰ